اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مختلف رُوحانی عِلاج

نوٹ: قرانِ کریم کی سورۃ اور آیات پر مشتمل اوراد وہی اسلامی بہنیں پڑھیں جن کی تجوید درست ہو۔

﴿1﴾ بخار کا روحانی عِلاج

❖ بخار والا بکثرت **بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ** پڑھتا رہے۔

﴿2﴾ دانتوں کے درد کا روحانی علاج

❖ سُوْرَہ یٰسٓ کی یہ آیت : سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (۵۸) 3 بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کر کے دانتوں پر ملئے اِنْ شَآءَاللہ درد جاتا رہے گا۔ (رسالہ: بیمار عابد صفحہ نمبر 30)

﴿3﴾ آنکھوں کے امراض کے روحانی علاج

❖ **یَا شَکُوْرُ** اگر آنکھوں میں روشنی کم ہوگئی ہو تو **41** بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے آنکھوں پر یہ پانی ملئے (مدت علاج: تا حصول شفاء) (رسالہ: بیمار عابد صفحہ نمبر 33)

❖ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** ہر نماز کے بعد تین بار پڑھ کر انگلی پر دم کر کے اپنی آنکھوں پر لگایئے۔ یہ عمل عمر بھر جاری رکھئے اِنْ شَآءَاللہ بینائی کی کمزوری دور ہو گی نیز سفید اور کالے موتیے سے بھی حفاظت ہو گی۔ (رسالہ: بیمار عابد صفحہ نمبر 34)

﴿4﴾ دائمی مریض

❖ دائمی مریض ہر وَقت **یَا مُعِیْدُ** پڑھتا رہے، **اللہ پاک** صحت عنایت فرمائے گا۔

یہ تمام روحانی علاج رسالہ "بیمار عابد" میں موجود ہے اور مزید بھی امراض کے روحانی علاج موجود ہیں، مکتبۃ المدینہ کے بستہ سے ضرور حاصل فرمائیں

﴿5﴾ ہر وائرس سے حفاظت کا روحانی علاج

یَا مُھَیْمِنُ 29 مرتبہ (اول و آخر درود پاک)

❖ ہر وائرس سے حفاظت کا روحانی علاج۔ کرونا وائرس پھیل رہا ہے۔ اس سے حفاظت کیلئے ضرور ضرور پڑھیں۔ اس طرح کی آفتوں سے بچنے کیلئے بعض دعائیں ہوتی ہیں ان میں ایک دعا حدیث پاک میں بہت پیاری ہے۔ پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ سلم یہ دعا خود کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ۔

ترجمہ : الٰہی مجھے میرے بدن میں عافیت دے، الٰہی مجھے میرے کانوں میں عافیت دے، الٰہی مجھے میری آنکھوں میں عافیت دے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (سنن ابی داؤد ج 4، ص 424 ماخوذاً)

﴿5﴾ بانجھ پن کے لئے روحانی علاج

❖ جو بانجھ عورت سات روزے رکھے اور افطار کے وقت 21 بار **یَا مُصَوِّرُ** پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اللہ پاک اس کو نیک بیٹا عطا کرے گا۔ اِنْ شَآءَاللہُ الکریم (مدنی پنج سورہ صفحہ نمبر 248)

﴿6﴾ مشکل کی آسانی کے لئے دُعا

❖ یَاقَھَّارُ 100 بار اگر کوئی مصیبت آپڑے تو پڑھے اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم مشکل آسان ہو گی۔

(مدنی پنج سورہ صفحہ نمبر248)

﴿7﴾ بیماری سے حفاظت کاروحانی علاج

❖ یَاسَلَامُ 111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم شفاء حاصل ہو گی۔(مدنی پنج سورہ صفحہ نمبر247)

﴿8﴾ بیماری سے نجات کاروحانی علاج

❖ یَامَاجِدُ 10 بار پڑھ کر شربت وغیرہ پر دم کر کے جو پی لیا کرے اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم بیمار نہ ہو گا۔

(مدنی پنج سورہ صفحہ نمبر255)

﴿9﴾ رحمتوں کے سائے میں رہنے کے لئے روحانی علاج

❖ یَامُقْتَدِرُ 20 بار جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم رحمتوں کے سائے میں رہے گا۔

﴿10﴾ اولاد کو نیک کیسے بنائیں

❖ روزانہ 11 مرتبہ اسم **یَامُتَکَبِّرُ** پڑھ کر اپنے بچوں پر دم کر دیا کریں اس سے اِنْ شَآءَاللّٰہُ الکریم بچوں میں نیک خصلتیں پروان چڑھیں گی۔

﴿11﴾ شفائے امراض

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

باوُضو مریض کو لکھ کر دیں کہ زبان سے چاٹے یا پانی میں گھول کر پلا دیں۔ شفا ہونے تک یہ عمل برابر کرتے رہیں باِذنِ اللہ موت کے سوا ہر مرض کو مفید ہے۔(مدنی پنجسورہ ص180)

﴿12﴾ ہر قسم کی پریشانی سے نجات کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللہ

سید ابن عابدین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے ایک فتنۂ عظیم میں پڑھا جو دمشق میں واقع ہوا تھا۔ اسے ابھی دو سو مرتبہ بھی نہیں پڑھا تھا کہ مجھے ایک شخص نے آکر اطلاع دی کہ فتنہ ختم ہو گیا۔(مدنی پنجسورہ ص174)